ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن نثار احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22،نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے بزرگ کارکن نثار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی بزرگ کارکن نثار احمد، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 141 کی یونٹ کمیٹی کے رکن آفتاب احمد کی والدہ محترمہ افروز بانو اور کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن ابصار احمد کے بھائی عبدالکریم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

کمر توڑ مہنگائی کے دور میں گیس کے نرخوں میں یہ اضافہ غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کا سبب بنے گا۔ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔22،نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گیس کے نرخوں میں 7 فیصد سے زائد اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غربت اور بے روزگاری کے باعث غریب عوام کی مشکلات اور پریشانیوں میں انتہائی اضافہ ہو چکا ہے اور ایسے موقع پر گیس جیسی بنیادی سہولت میں اضافہ کرنا کسی طرح بھی مثبت اقدام قرار نہیں دیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ کمر توڑ مہنگائی کے دور میں گیس کے نرخوں میں یہ اضافہ غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کا سبب بنے گا۔انہوں نے کہا کہ گیس کے نرخوں میں اضافہ کے بجائے حکومت ایسے اقدامات بروئے کار لائے جن سے غریب ومتوسط طبقے کے حالات زندگی بہتر ہوسکیں اور وہ اپنی سفید پوشی کا بھرم قائم رکھ سکیں۔ارکان صوبائی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اوگرا کی جانب سے گیس کے نرخوں میں اضافے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اسے فی الفور واپس لیا جائے۔

کراچی شپ یارڈ کے ملازمین کی تنخواہوں میں اعلان کردہ اضافے کے اطلاق کو یقینی بنایا جائے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن جوائنٹ انچارج لیبر ڈویژن مظہر حسین سے شپ یارڈ کی مزدور تنظیموں کے نمائندہ وفد کی ملاقات

کراچی۔۔۔22،نومبر2008ء۔۔۔کراچی شپ یارڈ کی مزدور تنظیموں کے وفد نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین سے ملاقات کی اور انہیں محنت کشوں کے دیرینہ مسائل سے آگاہ کیا۔وفد میں پیپلز لیبر بیورو کے فتح محمد سومرو، طالب دین کورائی، عارف تنولی، طاہر رضا، نیشنل لیبر فیڈریشن کے عبد السلام، محمد اسلم، متحدہ لیبر فرنٹ کے یاسین راجپوت، الیاس فاروقی اور سپروائزر ایسوسی ایشن کے سعید انور اور احمد خان شامل تھے۔وفد نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ذمہ داران کو ادارے کے ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا۔وفد سے بات چیت کرتے ہوئے لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے کہا کہ محنت کشوں کے جائز حقوق کی جدوجہد میں ایم کیوایم انکے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا محنت کش طبقہ انتہائی غربت، افلاس اور تنگدستی کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ادارے کی موجودہ انتظامیہ نے موجودہ صورتحال تبدیل کو نہیں کیا تو قومی ودفاعی نوعیت کا یہ ادارہ بحران کا شکار ہوجائے گا۔انہوں نے ارباب اختیار سے اپیل کی کہ کراچی شپ یارڈ کے ملازمین کی تنخواہوں میں حکومت کے اعلان کردہ اضافے کا اطلاق یقینی بنایا جائے۔انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی شپ یارڈ کے محنت کشوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور محنت کشوں کی تنخواہوں میں اضافے کے احکامات فی الفور صادر کئے جائیں۔

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ کے زیراہتمام سیلف اسسمنٹ ٹیسٹ کا انعقاد

کراچی۔۔۔22،نومبر2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ سیکٹر A کے زیراہتمام گزشتہ روز الحنا گارڈن گلشن اقبال بلاک 4 میں سیلف اسسمنٹ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اے پی ایم ایس او کے تحت امسال بھی یہ ٹیسٹ بزنس ایڈمنسٹریشن، پبلک

ایڈمنسٹریشن، کامرس، بائیوٹیکنالوجی، کیمیکل ٹیکنالوجی، اپلائیڈ فزکز، انوائرمنٹل اسٹیڈیز بی ایس پروگرام اور ماسٹرز پروگرام کے لئے کرائے گئے جس کا دورانیہ ایک گھنٹہ پر مشتمل تھا۔ اس موقع پر طلبہ وطالبات کے والدین بھی موجود تھے جبکہ جامعہ کراچی کے اساتذہ اکرام نے طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی۔ Self Assesment Test میں شعبہ سیاسیات کی پروفیسر ثمینہ سعید، ڈائریکٹر ومن اسٹڈیز پروفیسر نسرین اسلم شاہ، شعبہ کمپیوٹر سائنس کے پروفیسر صادق علی خان، لیکچرار سہیل رعنا، شعبہ اپلائڈ کمیسٹری کے پروفیسر زاہد اور شعبہ ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن کے پروفیسر باسط نے شرکت کی اور طلبہ وطالبات کیلئے اس ٹیسٹ کے انعقاد کو سراہا۔ اس موقع پر اساتذہ کرام نے طلباء کی نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے والدین پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆